

# UNIVERSITY OF HEALTH SCIENCES LAHORE

## Medical & Dental College Admission Test (MDCAT) – 2025

## Issuance of Admittance Card & Important Instructions for Candidates

The University of Health Sciences (UHS), Lahore, will conduct the Medical & Dental College Admission Test (MDCAT) - 2025 on Sunday, **26th October, 2025** in the following 12 cities of Punjab:
**Lahore, Rawalpindi, Faisalabad, Multan, Bahawalpur, Rahim Yar Khan, D.G. Khan, Sahiwal, Gujranwala, Gujrat, Sialkot, and Sargodha.**

**Download Admittance Card from 16th October 2025**

### INSTRUCTIONS FOR CANDIDATES

**1. How to Print Your Admittance Card**

- Candidate must print their Admittance Card, which includes their roll number and test centre details.
- Candidates registered for Punjab on the PM&DC Portal must download their Admittance Card by clicking **"Download MDCAT-2025 Admittance Card"** at the link **http://forms.uhs.edu.pk/mdcat2025** with effect from **Thursday, 16th October, 2025:**
- To access the Admittance Card, candidates need to enter their name and the last four digits of their ID (CNIC/Passport/B-Form) used for registration on PMDC Portal.
- Ensure that you enter your name exactly as it was entered on the PM&DC portal during registration. For instance, if there were no spaces between your first and last name, enter it in the same format; otherwise, your Admittance Card will not be displayed.
- The Admittance Card should be printed on white, plain, A4-sized paper.
- **The profile data on the candidates' Admittance Cards will match the information they provided during registration on the PM&DC portal. If a candidate notices any errors in their name, father's/guardian's name, gender, or photograph on the Admittance Card, they must immediately contact the Pakistan Medical and Dental Council (PM&DC) in Islamabad for correction (Landline: +92-51-9190000 Ext. 301, 302; E-mail: examination@pmdc.pk). The University of Health Sciences Lahore will not make any changes to the data unless the PM&DC updates it and provides official written instructions to the University for correction.**

**Note: It shall be the responsibility of the candidate to establish his or her identity at the test centre by presenting any one of the original photo identification documents specified above. Candidates producing photocopies, unverified, or unclear documents shall not be permitted to appear in the examination.**

**2. Important Instructions for Entry into Test Centres**

**i. Mandatory Identification**

Every candidate shall bring a printed copy of the Admittance Card along with one of the following original identification documents:
**CNIC/Juvenile Card for age under 18/NICOP/Family Registration Certificate (FRC) issued by NADRA/Passport issued by the Directorate General of Immigration and Passports, Ministry of Interior.**
*Candidates who possess only a B-Form must also bring their original Matriculation or F.Sc. certificate.
No candidate shall be permitted to enter or appear in the examination without these documents.

**ii. Timing and Reporting**

The Examination Centre shall open at 08:00 A.M. on Sunday, **26th October 2025**.
**All candidates must report by 09:00 A.M.** The duration of the test shall be three (03) hours, concluding at 01:00 P.M.
No candidate shall be allowed to leave the centre before the conclusion of the paper.

**iii. Prohibited Items**

The following items are strictly prohibited within the Examination Centre premises:
**Mobile phones, calculators, books, notes, or any written material, weapons or any arms, smart or digital watches, any electronic or communication, Bluetooth device, etc.**
Possession or use of any prohibited item shall lead to immediate expulsion and cancellation of the paper under the Unfair Means Case (UMC) Regulations. Such candidates shall also be handed over to Police for legal proceedings as per law.
Please note that no facility for safekeeping of valuables shall be provided at the Centre.

**iv. Permitted Items**

Candidates are only allowed to bring the following:
**Transparent clip board, Two blue ballpoint pens, Small transparent water bottle.**

**v. Entry Restriction**

No candidate shall be allowed entry into the Examination Centre after 09:00 A.M. under any circumstances.

**vi. Parental Instructions**

Parents or guardians are advised to drop the candidates before the commencement of the examination and collect them after the conclusion of the test. They shall not be allowed to stay within or near the Centre premises.

### IMPORTANT NOTE

**For detailed instructions, please refer to the "MDCAT-2025 Information Guide" available on the UHS website www.uhs.edu.pk.**

**Prof. Dr. Ahsan Waheed Rathore**
**Vice Chancellor**

**University of Health Sciences,**
**Khayaban-e-Jamia Punjab, Lahore-54600**
**Ph #: 042-99231305-09**

SPL#1854

/uhs.lhrofficial | /uhs.lhrofficial | /uhslhrofficial | /uhslhrofficial | www.uhs.edu.pk

Ad Size: 30x4



# یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز لاہور

## میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج داخلہ ٹیسٹ
## (MDCAT) – 2025

## ایڈمیٹنس کارڈ کا اجراء اور امیدواران کیلئے ضروری ہدایات

یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز مورخہ **26 اکتوبر 2025**ء بروز اتوار میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج ایڈمیشن ٹیسٹ (MDCAT)2025 کا انعقاد کرنے جا رہی ہے۔ یہ ٹیسٹ پنجاب کے درج ذیل 12 شہروں میں لیا جائے گا:

**لاہور، راولپنڈی، فیصل آباد، ملتان، بہاولپور، رحیم یار خان، ڈی جی خان، ساہیوال، گوجرانولہ، گجرات، سیالکوٹ اور سرگودھا۔**

ایڈمیٹنس کارڈ **16 اکتوبر 2025** سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے

### ہدایات برائے امیدواران

**(1) ایڈمیٹنس کارڈ کا حصول:**

- ایم ڈی کیٹ میں بیٹھنے کیلئے لازمی ہے کہ امیدوار کے پاس یونیورسٹی کا جاری کردہ ایڈمیٹنس کارڈ ہو جس پر اس کا رول نمبر اور امتحانی مرکز درج ہوتا ہے۔
- پنجاب کے لیے پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل (پی ایم ڈی سی) کے پورٹل پر رجسٹرڈ امیدوار اپنا ایڈمیٹنس کارڈ یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کی ویب سائٹ **(www.uhs.edu.pk)** پر 16 اکتوبر 2025ء بروز جمعرات سے **"Download MDCAT-2025 Admittance Card"** کے لنک پر کلک کر کے حاصل کر سکتے ہیں۔ ڈاؤن لوڈ لنک درج ذیل ہے۔ **(http://forms.uhs.edu.pk/mdcat2025)**۔
- اپنا ایڈمیٹنس کارڈ حاصل کرنے کیلئے امیدوار کو اپنا نام اور اپنی آئی ڈی (قومی شناختی کارڈ/ب-فارم/پاسپورٹ) کے آخری چار ہندسے درج کرنا ہوں گے۔ دھیان رہے کہ جس آئی ڈی کے تحت پی ایم ڈی سی کے پورٹل پر رجسٹریشن کی گئی تھی صرف اسی آئی ڈی کے آخری چار ہندسے درج کرنے ہیں۔
- اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ اپنا نام بالکل اسی طرح درج کریں جیسے آپ نے رجسٹریشن کے وقت پی ایم ڈی سی کے پورٹل پر درج کیا تھا۔ مثال کے طور پر اگر رجسٹریشن کے وقت آپ نے اپنے نام کے دونوں حصوں کے بیچ خالی جگہ نہیں چھوڑی تھی تو بالکل اسی طرح یونیورسٹی پورٹل پر اپنا نام درج کریں۔ بصورت دیگر آپ کا ایڈمیٹنس کارڈ ڈاؤن لوڈ نہیں ہو سکے گا۔
- ایڈمیٹنس کارڈ سکرین پر آ جائے تو اسے ڈاؤن لوڈ کر کے ایک A-4 سائز کے سفید کاغذ پر اس کا پرنٹ لے لیں۔
- یاد رہے کہ آپ کے ایڈمیٹنس کارڈ پر جو پروفائل ڈیٹا دیا گیا ہے وہ اس معلومات کی بنیاد پر ہے جو آپ نے رجسٹریشن کے وقت پی ایم ڈی سی کے پورٹل پر فراہم کی تھیں۔ اگر کوئی امیدوار ایڈمیٹنس کارڈ پر نوٹس کرتا ہے کہ اس کے اپنے نام، والد/سرپرست کے نام، جنس یا فوٹو گراف میں کوئی غلطی ہے تو اسے چاہیے کہ وہ تصحیح کیلئے فوری طور پر پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل اسلام آباد سے (لینڈ لائن 9190000-51-92+ ایکسٹینشن 301 اور 302؛ ای میل examination@pmdc.pk) پر رابطہ کرے۔ یونیورسٹی اس وقت تک ڈیٹا میں کوئی تبدیلی نہیں کرے گی جب تک کہ پی ایم ڈی سی اپنے ڈیٹا کو درست کر کے اپ ڈیٹ نہیں کر دیتی اور اس حوالے سے تصحیح کیلئے یونیورسٹی کو تحریری ہدایات جاری نہیں کر دیتی۔

**نوٹ: امتحانی مرکز پر اپنی شناخت ثابت کرنا امیدوار کی ذمہ داری ہوگی، جو اوپر درج شدہ کسی ایک اصلی تصویری شناختی دستاویز کے ذریعے کی جائے گی۔ ایسے امیدوار جن کے پاس دستاویزات کی نقول، غیر تصدیق شدہ یا مبہم شناختی دستاویزات ہوں گی، انہیں امتحان میں شرکت کی اجازت نہیں دی جائے گی۔**

**(2) امیدواروں کے لیے ہدایات:**

**i- شناختی دستاویزات:**

ہر امیدوار پر لازم ہے کہ وہ اس ایڈمیٹنس کارڈ کی پرنٹ شدہ کاپی کے ساتھ درج ذیل میں سے کوئی ایک اصل شناختی دستاویز لازمی طور پر ہمراہ لائے:

**قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا 18 سال سے کم عمر کا جیووینائل کارڈ یا سمندر پار پاکستانیوں کا شناختی کارڈ (NICOP) یا فیملی رجسٹریشن سرٹیفکیٹ (FRC) جو نادرا سے جاری شدہ ہو یا قومی پاسپورٹ جو ڈائریکٹوریٹ جنرل امیگریشن و پاسپورٹس، وزارت داخلہ سے جاری ہوا ہو۔**

وہ امیدوار جن کے پاس صرف فارم 'ب' ہو، وہ اپنے اصلی میٹرک یا ایف۔ایس۔سی کا سرٹیفکیٹ بھی ساتھ لائیں۔

مذکورہ دستاویزات کے بغیر کسی امیدوار کو امتحان میں شرکت کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

**ii- وقت اور حاضری:**

امتحانی مرکز صبح 08:00 بجے کھلے گا۔

**تمام امیدواروں کے لیے لازم ہے کہ وہ صبح 09:00 بجے سے پہلے اپنے امتحانی مرکز پر پہنچ جائیں۔**

پرچہ تین (3) گھنٹے کا ہوگا جو 01:00 بجے دوپہر ختم ہوگا۔ کسی امیدوار کو پرچہ ختم ہونے سے پہلے امتحانی مرکز چھوڑنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

**iii- ممنوعہ اشیاء:**

درج ذیل اشیاء کو امتحانی مرکز میں لانا سختی سے منع ہے: **موبائل فون، کیلکولیٹر، کتابیں یا نوٹس، اسلحہ یا کوئی ہتھیار، سمارٹ یا ڈیجیٹل گھڑی، کوئی بھی برقی یا رابطے کی بلیوٹوتھ ڈیوائس وغیرہ**

اگر کسی امیدوار کے پاس ممنوعہ چیز پائی گئی تو اسے فوراً امتحانی مرکز سے نکال دیا جائے گا اور اس کا پرچہ ممنوعہ ذرائع کے استعمال کے ضوابط کے تحت منسوخ کر دیا جائے گا اور مزید قانونی کاروائی کیلئے حوالہ پولیس کیا جائے گا۔ ذہن نشین رہے کہ مرکز میں قیمتی اشیاء رکھنے کا کوئی انتظام نہیں ہوگا۔

**iv- اشیاء جنھیں ساتھ لانے کی اجازت ہے:**

امیدوار اپنے ساتھ صرف درج ذیل چیزیں لا سکتے ہیں: **شفاف کلپ بورڈ، دو نیلے بال پوائنٹ پین، شفاف چھوٹی پانی کی بوتل**

**v- دیر سے آنے کی ممانعت:**

**کسی بھی امیدوار کو صبح 09:00 بجے کے بعد امتحانی مرکز میں داخلے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔**

**vi- والدین کے لیے ہدایت:**

والدین یا سرپرست امیدوار کو امتحان سے پہلے چھوڑیں اور پرچہ ختم ہونے کے بعد ہی لینے آئیں۔ انہیں امتحانی مرکز کے اندر یا اس کے قریب رکنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

### اہم نوٹ

مزید معلومات کے لیے براہ کرم یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کی ویب سائٹ **www.uhs.edu.pk** پر دستیاب **"MDCAT-2025 Information Guide"** کا بغور مطالعہ کریں۔


پروفیسر ڈاکٹر احسن وحید راٹھور
وائس چانسلر

یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز، خیابان جامعہ پنجاب، لاہور-54600
فون: 042-99231305-09


SPL#1854

/uhs.lhrofficial | /uhs.lhrofficial | /uhslhrofficial | /uhslhrofficial | www.uhs.edu.pk

Ad Size: 30x4